# کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ ( اشتہار نیلامی ٹھیکہ)

کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات کی نیلامی مورخہ 11.05.2026 بوقت دن 11:00 بجے بمطابق ذیل شیڈول منعقد کروا رہا ہے۔ تمام خواہشمند حضرات مقررہ وقت اور تاریخ تک زربیعانہ بشکل کال ڈیپازٹ بمعہ کمپوٹرائزڈ شناختی کارڈ کاپی دفتر ہذا میں جمع کرا کر شیڈول کے مطابق بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اگر بولی کسی وجہ سے نہ ہو سکی تو دوبارہ بولی 12.05.2026 بوقت 11:00 بجے دن، سہ بارہ بولی 13.05.2026 بوقت دن 11:00 بجے دن ہو گی۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | لوکیشن | مقررہ قیمت | زربیعانہ | میعاد ٹھیکہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 01 | تہہ بازاری<br>صرف مخصوص پلاٹس (ڈرائینگ کے مطابق جہاں ہیں جیسے ہیں کی بنیاد پر) | پلاٹ (A) نزد تقویٰ مسجد مین صدر بازار روڈ<br>پلاٹ (B) بلمقابل کینٹ پلازہ کمرشل کمپلکس<br>پلاٹ (C) نزد سی بی ٹی ایس پلازہ کلاتھ مارکیٹ نوشہرہ کینٹ | -/7,00,00,000 روپے سالانہ | -/70,00,000 روپے | 01-07-2026 تا 30-06-2027 |

**شرائط:۔**

1- نیلامی مقررہ وقت کے مطابق شروع کی جائیگی صرف وہ شخص جس نے نیلامی سے قبل زربیعانہ کال ڈیپازٹ اور قومی شناختی کارڈ، بمع (Income Tax Filer Certificate/FBR) ریونیو برانچ میں جمع کروائے گا وہی بولی میں حصہ لے سکے گا۔

2- کسی بھی بولی دہندہ کے جانب سے بوگس کال ڈیپازٹ جمع کرنے کی صورت میں کینٹ بورڈ انتظامیہ متعلقہ بولی دہندہ کے خلاف تادیبی کاروائی کرے گی اور متعلقہ قوانین / فوجداری دفعات کے تحت دعویٰ جات دائر کئے جائیں گے۔

3- اول اور دوئم بولی دہندگان کے علاوہ باقی تمام بولی دہندگان کو ان کے کال ڈیپازٹ نیلامی کے اختتام پر اگلے روز واپس کر دیئے جائیں گے۔ کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ دوئم بولی دہندہ کو اس کا کال ڈیپازٹ بورڈ کی منظوری کے بعد واپس کر دیا جائے گا۔ کامیاب بولی دہندہ کا کال ڈیپازٹ بطور سیکورٹی دفتر ہٰذا کے ساتھ رہے گا۔ جو کہ ٹھیکہ کے اختتام پر واپس دیا جائے گا۔

4- کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر بولی کی رقم کا ایک چوتھائی حصہ موقع پر جمع کروانا ہو گا مزید براں ٹھیکہ کی بقایا رقم یکمشت بشکل نقد یا مساوی ماہانہ اقساط عرصہ پہلے 9 ماہ کے پوسٹ dated چیک بمع انکم ٹیکس ایڈوانس میں جمع کرنے کا پابند ہو گا۔ جبکہ 1/4th جمع شدہ رقم ٹھیکہ کے آخری 3 ماہ میں مجرا کیا جائے گا بشرطیکہ ٹھیکہ دار کے ذمہ کینٹ بورڈ کے کسی قسم کے بقایاجات واجب الادا نہ ہو اور یہ شرائط مکمل کئے بغیر کام شروع کرنے کا مجاز نہ ہو گا اور (1/4th) رقم کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندہ کا زرضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائیگا۔

5- کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ پالیسی کے مروجہ قوانین کے تحت بولی کی رقم کا انکم ٹیکس یکمشت ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ بصورت دیگر ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

6- کامیاب بولی دہندہ کو بولی منظور ہونے کے ایک ہفتہ کے اندر کنٹونمنٹ بورڈ سے تحریری معاہدہ کرنا ہو گا۔ جس کے بغیر ٹھیکہ حوالہ نہیں کیا جائے گا۔

7- قسط ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ایڈوانس جمع کرانے کا پابند ہو گا۔ کینٹ بورڈ انتظامیہ ماہانہ قسط کی عدم ادائیگی کی صورت میں ٹھیکہ کا چارج لے سکتا ہے اور ٹھیکہ کینسل کر کے دوبارہ نیلام کر سکتا ہے۔

8- کامیاب بولی دہندہ سیکورٹی چیکنگ کا خود ذمہ دار ہو گا اور قانونی دائرے میں رہ کر صرف مخصوص پلاٹس ڈرائینگ کے مطابق جہاں ہیں جیسے ہیں کی بنیاد پر ٹھیکہ چلانے کا پابند ہو گا اور اس کے علاوہ کسی بھی جگہ سے وصولی کرنے کا اختیار مند نہ ہو گا بصورت دیگر کینٹ بورڈ تادیبی کاروائی عمل میں لائے گا۔

9- بولی دہندہ جس کے ذمہ کینٹ بورڈ کے کسی قسم کے بقایاجات / واجبات ہونگے یا کسی بھی کنٹونمنٹ بورڈ نے اُسے بلیک لسٹ کیا ہو بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔

10- کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کسی دوسری پارٹی یا فرد کو منتقل (Sublet) کرنے کا مجاز نہ ہو گا۔

11- کامیاب بولی دہندہ اپنے ٹھیکہ کے Utility Bills باقاعدگی سے ادا کرنے کا پابند ہو گا اور ٹھیکہ کی تکمیل پر متعلقہ ادارے سے NOC لے کر کینٹ بورڈ نوشہرہ میں جمع کرائیگا اور کسی قسم کے واجبات کی صورت میں ٹھیکدار قانونی طور پر خود آدائیگی کا ذمہ دار ہو گا۔

12- نیلامی PPRA رولز 2004 کے مطابق ہو گی۔

13- کامیاب بولی دہندگان کو متعلقہ ٹھیکہ کے علاوہ کسی اور کاروباری سرگرمی کی اجازت نہ ہو گی۔

14- کامیاب بولی دہندگان کو متعلقہ ٹھیکہ کے جگہوں پر گاڑیاں دھونے اور عارضی کیبن بنانے کی اجازت نہ ہو گی اور معیاد ٹھیکہ ختم ہونے کی صورت میں متعلقہ کاروبار کرنے والے افراد سے جگہ واگزار کر کے بحوالہ کنٹونمنٹ بورڈ کرنے کا پابند ہو گا۔

15- کینٹ بورڈ کسی بھی وجہ کی بنیاد پر بولی مسترد کرنے کا مجاز ہو گا۔ حتمی منظوری تابع کنٹونمنٹ بورڈ ہو گی۔

16- معمول کے میونسپل خدمات اور کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے پیش نظر کنٹونمنٹ بورڈ انتظامیہ نے متعلقہ ٹھیکہ کے سائٹ پلانز اور ڈرائینگز بناتے وقت مذکورہ پلاٹس کی اطراف کو کھلا اور کشادہ رکھا ہے لہذا ٹھیکہ دار ان گزرگاہوں کو دفتر کے پلان کی مطابق کھلا اور کشادہ رکھنے اور ان پر کاروبار نہ سجانے کا پابند ہو گا۔

17- ٹھیکہ دار کو ہڑتال، Covid یا دیگر قدرتی آفات کی صورت میں نقصان ہوتا ہے تو کینٹ بورڈ سے رعایت کا مستحق نہ ہو گا اور نہ ہی دفتر ہٰذا کسی قسم کے نقصان و تاوان کا ذمہ دار نہ ہو گا۔

18- دیگر شرائط و ضوابط یا معلومات کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ کی ویب سائٹ http://nowshera.cantonment.gov.pk اور PPRA کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

19- نیلامی سے متعلق مزید معلومات اور شرائط بمعہ سائٹ پلانز دفتری اوقات کار کے دوران کینٹ بورڈ نوشہرہ کینٹ ریونیو برانچ سے حاصل کی جا سکتی ہے اور نیلامی شروع کرنے سے پہلے تمام شرائط اور طریقہ کار واضح کیا جائیگا تا کہ بعد میں کوئی عذر نہ ہو۔ نیز ادارہ ٹھیکہ دار کے کسی قسم کے نقصان یا کاروبار کی بندش کی صورت میں ذمہ دار نہ ہو گا۔

کینٹ ایگزیکٹو آفیسر نوشہرہ کینٹ
0923- 9220087

CS CamScanner